ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(63)

مورخہ 31.01.24

بہاول پور(   )ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ صدر حاصل پور پولیس کی کامیاب کارروائی،شبو گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار۔لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹرسائیکل،نقدرقم واسلحہ ناجائز برآمد۔عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائیت کے مستحق نہیں،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ایس ایچ او تھانہ صدر حاصل پور محمد لطیف نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث شبو گینگ کے سرغنہ شہباز عرف شبو کو 02 ساتھیوں علی حیدر اور نعیم عابد سمیت گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیتی 25 عدد موٹرسائیکل،نقدرقم مبلغ 50 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے،جلد ان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا جائے گا۔برآمدشدہ موٹرسائیکل ونقدرقم ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کی جارہی ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ صدر حاصل پور پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ صدر حاصل پور پولیس کی کامیاب کارروائی،شبو گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار،لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹرسائیکل،نقدرقم واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(64)

مورخہ 31.01.24

بہاولپور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، پولیس تحفظ سنٹر میں ٹرانسجینڈر کمیونٹی سمیت معاشرے کے کمزور ومحکوم طبقات کے افراد کی قانونی، سماجی و معاشرتی مدد کا عمل جاری۔ٹرانسجینڈر کمیونٹی کے باعزت روزگار کے حصول کے لئے انہیں (لرنر)ڈرائیونگ لائسنس جاری کیئے جا رہے ہیں۔عوامی خدمت کا یہ سفر جاری رہے گا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس نے عوامی خدمت کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے بہاولپور میں تحفظ سنٹر کا قیام عمل میں لایا تھا۔ڈی پی او کے خصوصی احکامات پر پولیس خدمت مرکز بہاولپور میں فوکل پرسن پولیس خدمت مرکز عبدالرف جاوید کی زیرنگرانی تحفظ سنٹر ٹرانسجینڈر کمیونٹی سمیت معاشرے کے تمام کمزور ومحکوم طبقات، بے گھر و بے سہارا بچوں، ذہنی وجسمانی معذوری کے شکار افراد اور نشے و سماجی برائیوں میں پھنسے کم عمر بچوں کی بحالی، تحفظ اور مشکلات کے ازالے کیلئے کام کر رہا ہے۔تحفظ سینٹر میں ٹریفک سے متعلق تمام سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی ٹریفک بہاولپور ریاض احمد فیاض اور انچارج پولیس خدمت مرکز سب انسپکٹر محمد ایوب کی نگرانی میں ٹرانسجینڈر کمیونٹی کے باعزت روزگار کے حصول کے لئے انہیں پولیس تحفظ سنٹر کے توسط سے لرنر ڈرائیونگ لائسنس جاری کیئے جا رہے ہیں جنکو بعدازاں ریگولر ڈرائیونگ لائسنس کا اجرا کیا جائے گا۔تاکہ ٹرانسجینڈر کمیونٹی کے افراد معاشرے میں بہتر اور باعزت روزگار حاصل کرسکیں۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پولیس تحفظ سینٹر سرکاری ونیم سرکاری اداروں اور متاثرہ ومدد کے مستحق افراد کیلئے ایک پل کا کام کر رہا ہے۔معاشرے کے ایسے افراد کے لئے نجی وکاروباری اداروں میں روزگار کے حصول کے لئے بھی اقدامات کیئے جا رہے ہیں۔عوامی خدمت کا یہ سفر جاری رہے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، پولیس تحفظ سنٹر میں ٹرانسجینڈر کمیونٹی سمیت معاشرے کے کمزور ومحکوم طبقات کے افراد کے باعزت روزگار کے حصول کے لئے (لرنر) ڈرائیونگ لائسنس جاری کیئے جا رہے ہیں